# دفتر صوبائی الیکشن کمشنر، خیبر پختونخواہ

شامی روڈ، باالمقابل گالف کلب گیٹ نمبر 2، پشاور

## پولنگ ریکارڈ کوری سائیکل/پلپ کروانے کے لیے کنٹریکٹرز سے تخمینہ نرخ طلبی کا نوٹس

صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ کی جانب عام انتخابات 2024 اور اس کے تمام ضمنی بلدیاتی انتخابات (ماسوائے وہ حلقے جہاں کورٹ کیسز زیرِ التواء ہوں) کے پولنگ ریکارڈ جو کہ صوبہ کے مختلف اضلاع/ڈویژن میں موجود ہیں کوری سائیکل/پلپ کروانے کے لیے معروف پلپ بنانے والی فرمز (Firms) یا پھر ان کے ساتھ اشتراک میں ہوں اور کلیکٹریٹ آف سیلز ٹیکس اینڈ فیڈرل ایکسائز سے رجسٹرڈ ہوں سے سیل بند تخمینہ نرخ/نیلامی مطلوب ہیں۔ فارم برائے نیلامی پولنگ ریکارڈ دفتر ہذا سے بعوض **500** روپے ناقابل واپسی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

نیلامی کے لیے پیشکشیں مورخہ **<u>29 ستمبر، 2026 صبح 11:00</u>** بجے تک وصول کی جائیں گی اور (فرمز کے نمائندوں کی موجودگی میں) اسی دن صبح 11:30 بجے کھولی جائیں گی۔

**<u>شرائط:</u>**

1- متعلقہ نیلامی/ٹینڈر میں صرف ایسی فرمز (Firms) حصہ لیں جو کہ گورنمنٹ سیکٹر میں کام کرنے کا متعلقہ تجربہ رکھتی ہوں اور ماضی میں کسی سرکاری ادارے میں کام کرنے کے حوالے سے متنازعہ اور PPRA سے ممنوعہ (Black Listed) نہ ہوں، مزید براں، شفاف شہرت کی حامل ہوں۔

2- متعلقہ نیلامی/ٹینڈر میں فرمز (Firms)، PPRA کے ای-پیڈز (E-Pads) کے ذریعے ہی حصہ لے سکیں گی۔

3- نیلامی/ٹینڈر نوٹس PPRA اور الیکشن کمیشن کی آفیشل ویب سائٹس سے بھی ڈاؤن لوڈ کرنے کی سہولت موجود ہے۔

4- مجاز فرم تحریری حلف نامہ داخل کرے گی کہ پولنگ ریکارڈ کو ملوں میں صرف پلپ (Pulp) بنانے کیلئے استعمال کیا جائیگا اور اس کی بازار میں کسی بھی صورت میں فروخت نہیں کی جائیگی۔

5- مجاز فرم ٹینڈر فارم میں مل/فیکٹری کا نام درج کرے گی اور معاہدہ کی منظوری مل کے معائنہ کے بعد تصور کی جائیگی۔ صرف پلپ (Pulp) بنانے والی فرمز نیلامی میں شرکت کے لیے اہل ہیں۔

6- پولنگ ریکارڈ کا مجموعی وزن ممکنہ طور پر کم و بیش **<u>180،673</u> کلو گرام** ہے۔۔

7- زرِ ضمانت (Bid Security) **(جس کی مالیت EPADS پر درج ہے)** بصورت CDR بحق ڈی ڈی او (DDO) صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ، پشاور ای پیڈز پورٹل پر ٹینڈر کے ساتھ منسلک کرنا ہوگا، جبکہ اصل زر ضمانت مورخہ **<u>29 ستمبر، 2026</u> صبح 11:00** بجے سے قبل صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ کے دفتر، واقع شامی روڈ، باالمقابل گالف کلب گیٹ نمبر 2، پشاور، میں جمع کرنا لازمی ہے۔ زر ضمانت قابل واپسی ہے۔

8- مجاز فرم پولنگ ریکارڈ اور انتخابی فہرستوں کے رقم کی ادائیگی فی کلو گرام ریٹ (بغیر ٹیکسز) کے حساب سے کریگی۔ تمام رائج الوقت ٹیکسز کل رقم (سیل پروسیڈز) پر علیحدہ سے سامان اٹھاتے وقت وصول کئے جائیں گے۔

9- مقررہ تاریخ اور وقت کے بعد موصول ہونے والے یا نامکمل ٹینڈر قابل قبول نہیں ہونگے۔

10- نیلامی میں کامیاب بولی دہندہ پابند ہوگا کہ 7 یوم کے اندر اسٹامپ پیپر پر رضامندی دیگا اور نیلامی کمیٹی کو دعوت دیگا کہ اسکی پلپ بنانے والی فیکٹری/مل کا معائنہ کیا جائے۔ کمیٹی کی طرف سے اطمینان کے اظہار کے بعد کامیاب بولی دہندہ 7 یوم کے اندر صوبائی الیکشن کمشنر کے ساتھ معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

11- ریٹس منظور ہونے کی صورت میں کامیاب فرم کو مبلغ **10 لاکھ روپے** بطور پرفامنس گارنٹی (زرِ ضمانت) بصورت Pay Order/CDR جمع کروانا ہونگے۔

12- ہر قسم کے ٹیکس (سیلز/انکم ٹیکس وغیرہ) بذمہ فرم ہوں گے۔

13- مجاز فرم اپنے انتظام پر متعلقہ اضلاع سے سامان اٹھائیگی۔ فرم اضلاع سے سامان اٹھاتے وقت سامان میں سے ناقابل فروخت اشیاء (الیکشن مہریں، پولنگ بیگز اور اسٹیشنری وغیرہ) کو الگ کرنے میں متعلقہ اضلاع میں معاونت/لیبر فراہم کرے گی۔

14- وہ کمپنی جو مذکورہ دستاویزات کے علاوہ انتخابی مواد یا اسٹیشنری خریدنے یا چوری کرنے میں ملوث پائی گئی تو اسے بلیک لسٹ کر دیا جائیگا اور متعلقہ REC/DEC فوری طور پر تمام مٹیریل اپنے قبضے میں لے لیگا جبکہ اس کمپنی کا نام اور تفصیلات مزید کارروائی کیلئے دفتر صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ پشاور بھجوائے گا۔

15- قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنی کے خلاف جرمانہ اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

16- فروخت سے حاصل شدہ رقم REC/DEC/DDO کو نقدی کی صورت میں جمع کروائی جائے گی۔ مزید برآں چیک اور پے آرڈر کسی صورت قابل قبول نہیں ہونگے۔

17- کمپنی کو اسی صورت میں پولنگ ریکارڈ اٹھانے کی اجازت دی جائے گی جب وہ فروخت کی رقم اور قابل اطلاق ٹیکسز ایف۔ بی۔ آر (FBR) کے پروفارما پر متعلقہ REC/DEC/DDO کے پاس علیحدہ سے جمع کرادے گا۔

18۔ کامیاب بولی دہندہ معاہدے پر عمل درآمد کے **90دن** کی مدت کے اندر خیبر پختونخواہ کے تمام ڈویژن / اضلاع سے پولنگ ریکارڈ جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر اٹھانے کا پابند ہوگا۔

19۔ مقررہ مدت کے اندر سامان نہ اٹھانے کی صورت میں یا کنٹریکٹ کی دوسری شرائط کی خلاف ورزی کرنیوالی فرمز کی زرِ ضمانت بحق سرکار ضبط یا متعلقہ فرم پر جرمانہ / ضروری قانونی کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔

20۔ اگر بولی دہندہ مقررہ مدت کے اندر نیلامی کا سامان نہ اٹھا سکا تو دفتر صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ معاہدہ منسوخ کردیگا اور جمع شدہ سیکورٹی ڈپازٹ (پرفامنس گارنٹی) بھی ضبط کرلی جائیگی۔

21۔ صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخواہ بغیر کسی وضاحت کے ٹینڈر کے ذریعے موصول ہونیوالے بولی / نیلامی کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

**ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) خیبر پختونخواہ، پشاور**
**فون: 091-9211033**



CamScanner